## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد

## عیدا یسے موقع پر آئی ہے کہ جب پاکستان دہشت گردی کی آگ کی لپیٹ میں ہے اور ہزاروں افراد اسکی نذر ہو گئے ،

## قبائلی علاقوں کے لاکھوں افراد اپنے گھروں سے دربدر ہیں اور عوام غربت ومہنگائی کے باعث مصائب کا شکار ہیں

## اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے مصائب ومشکلات کا شکار افراد کو بھی عید کی خوشیوں میں شریک کیا جائے

## اللہ کرے عیدالفطر دنیا بھر کے مظلوموں کیلئے امن وسلامتی کا پیغام لیکر آئے ،الطاف حسین

لندن۔۔30 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور دعا کی ہے کہ عیدالفطر دنیا کیلئے امن وسلامتی کا پیغام لیکر آئے۔عیدالفطر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس مرتبہ عیدالفطر ایک ایسے موقع پر آئی ہے کہ جب پاکستان دہشت گردی کی آگ کی لپیٹ میں ہے،ایک سال میں ہزاروں افراد اس دہشت گردی کی نذر ہو گئے،قبائلی علاقوں میں جاری دہشت گردی کی وجہ سے لاکھوں افراد اپنے گھروں سے دربدر ہیں اور ملک کے غریب ونچلے متوسط طبقہ کے عوام غربت ومہنگائی اور بے روزگاری کے باعث مصائب ومشکلات کا شکار ہیں اور عید کی خوشیوں سے محروم ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دین اسلام میں حقوق العباد کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کیلئے عید کی خوشیوں میں ان مجبور و بے کس لوگوں کو ضرور یاد رکھیں جو غربت وتنگدستی کے باعث عید کی خوشیاں منانے سے قاصر ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میری دعا ہے کہ یہ عید سعید پاکستان سمیت دنیا بھر کے مظلوموں کیلئے نیک امن وسلامتی کا پیغام لیکر آئے ،اللہ تعالیٰ پاکستان اور اسکے عوام پر اپنا رحم وکرم فرمائے ، ملک سے مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی ، پاکستان کی سرحدوں پر منڈلانے والے خطرات کا خاتمہ کرے،محروم ومظلوم عوام کو مشکلات اور پریشانیوں سے نجات حاصل ہو اور حق پرستی کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔جناب الطاف حسین نے پاکستان کے صوبہ سندھ ، پنجاب ، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنوں ، ذمہ داروں ، ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور ہمدردوں کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی ۔انہوں نے رابطہ کمیٹی ،ایم کیوایم کے تمام ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ عیدالفطر کے موقع پر تحریک کے شہیدوں ، اسیروں کے اہل خانہ اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ کو ضرور یاد رکھیں اور ان کی ہرممکن خبر گیری کریں۔

## سولجر بازار میں فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر

## یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا

## محمد ایوب ناگوری سولجر بازار میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے زکوٰۃ فطرے کے عطیات جمع کرنے میں مصروف تھے

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔سولجر بازار کے علاقے میں ایک فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔تفصیلات کے مطابق محمد ایوب ناگوری سولجر بازار گلی نمبر 2 میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے زکوٰۃ فطرے کے عطیات جمع کرنے میں مصروف تھے کہ فرقہ پرست تنظیم سے تعلق رکھنے والے مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی ایک گولی انکے سینے پر لگی جسکے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہو گئے۔محمد ایوب ناگوری کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد،حق پرست صوبائی وزراء ڈاکٹر محمد علی شاہ ، ڈاکٹر صغیر احمد،حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان ،لیاقت آباد ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری اور کارکنان کی بڑی تعداد مقامی اسپتال پہنچ گئی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنماؤں نے شدت غم سے نڈھال شہید کے عزیز واقارب اور کارکنان کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔محمد ایوب ناگوری شہید کے سوگواران میں والدین ، بیوہ ، 4 سالہ بیٹا ، 3 بہنیں اور 3 بھائی شامل ہیں۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد ایوب شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد ایوب شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا

فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیوایم کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ،رابطہ کمیٹی
## ایک فرقہ پرست تنظیم نے کراچی میں دہشت گردی اور مجرمانہ سرگرمیوں کا بازار گرم کیا ہوا ہے
## جوعناصر ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کررہے ہیں وہ کراچی کا امن غارت کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30،ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایک فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذہب اورفرقہ کا لبادہ اوڑھے ہوئے ایک فرقہ پرست تنظیم نے کراچی میں دہشت گردی اور مجرمانہ سرگرمیوں کا بازار گرم کیا ہوا ہے،اس فرقہ پرست تنظیم کے پلیٹ فارم سے شہر کے بدنام جرائم پیشہ افراد شہر کے مختلف علاقوں میں عوام سے بھتوں کی وصولی،معصوم شہریوں سے غنڈہ گردی کررہے ہیں اورخاص طور پرایم کیوایم کے کارکنوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں دو ہفتہ قبل بھی اس فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے مجید کالونی میں ایم کیوایم کے ایک کارکن کو گولیاں مارکر شہید کردیا تھااور آج سولجر بازار کے علاقے میں ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری کو گولیاں مارکر شہید کردیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کررہے ہیں وہ دراصل صوبہ سندھ خصوصاً کراچی کے امن کو غارت کرنا چاہتے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے محمد ایوب شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اوروزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ محمد ایوب ناگوری کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے چوہدری شجاعت حسین ،رحمٰن ملک اور ڈاکٹر عاصم
## کوفون کرکے عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔30 ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین ، وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک اورقومی تعمیرنو بیورو کے چیئرمین ڈاکٹر عاصم کوفون کرکے انہیں عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد پیش کی۔ چوہدری شجاعت حسین ،رحمٰن ملک اورڈاکٹر عاصم نے بھی جناب الطاف حسین کوعیدالفطر کی مبارکباد پیش کی اوران کیلئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ کرے کہ یہ عید پاکستان اور پاکستان کے عوام کیلئے نیک ثابت ہو۔

## ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کی قرعہ اندازی ☆130 خوش نصیب افراد کے ناموں کا اعلان

کراچی۔۔۔30،ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کو عوام میں تقسیم کرنے کے سلسلے قرعہ اندازی آج ہوئی۔اس سال حج پر جانے والے 120 خوش نصیب عازمین حج کے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں منگل کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر صاف اور شفاف قرعہ اندازی عوام کی موجودگی میں کی گئی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، اراکین رابطہ کمیٹی ،شاہد لطیف، ڈاکٹر نصرت، نیک محمد اورشعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کے حق پرست ارکان پارلیمنٹ کی تعداد قومی اسمبلی میں 25 اورسینیٹ میں 6 ہونے کے حساب سے 31 بنتی ہے اوراس مرتبہ ارکان پارلیمنٹ کو فی رکن پارلیمنٹ 10 افراد کے حج کا کوٹا دیا گیا ہے اس طرح متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کی کل تعداد 310 بنتی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ نے ان 310 حج کوٹے کو تین حصوں میں یعنی عوام،ایم کیوایم کے کارکنان، ان کے اہل خانہ اورشہداء واسیر کے اہل خانہ ولواحقین میں تقسیم کیا ہے۔ایم کیوایم کے کارکنان اورشہداء کے لواحقین کی قرعہ اندازی کل ہوگی ۔قرعہ اندازی میں موقع پر موجود میڈیا کے نمائندوں، بزرگوں اور معصوم بچوں نے حصہ لیا اورخوش نصیب عازمین حج کے نام نکالے۔قرعہ اندازی کی تقریب میں آنے والے خواہشمند عازمین حجاج میں بزرگوں اورخواتین کی تعداد زیادہ تھی اورانہوں نے ایم کیوایم کی اس صاف و شفاف قرعہ اندازی کو بہت سراہا ہے اورمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے اظہارتشکر کیا ہے۔

## ایم کیوایم نے ارکان پارلیمنٹ کا حج کوٹہ اقرباء پروری کی نذر کرنے کے بجائے عوام میں تقسیم کرنے کی روایت کو برقرار رکھا ہے،ڈاکٹر فاروق ستار

## نائن زیرو پرحق پرست ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کی قرعہ اندازی کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق ایم کیوایم نے سالہا سال کی طرح اس بار بھی اپنے ارکان پارلیمنٹ کو ملنے والے حج کوٹے کا استعمال اپنی مرضی سے کرنے یا اپنے عزیز وا قارب کو دینے کے بجائے عوام کو دینے کی روایت کو برقرار رکھا ہے اوراس سال بھی ایم کیوایم کے حق پرست ارکان پارلیمنٹ کے کوٹے سے 310عازمین حج فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے انشاءاللہ جلد روانہ ہوں گے ۔ یہ بات انہوں نے منگل کوایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرارکان پارلیمنٹ کے حج کوٹے کی قرعہ اندازی کے موقع پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے اراکین شاہد لطیف،ڈاکٹر نصرت، نیک محمد اورشعیب بخاری ایڈووکیٹ بھی موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حج پر جانے والے وہ خواہشمند افراد جنکے نام سرکاری اسکیم کی قرعہ اندازی میں نہیں آسکے انہوں نے ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ کے کوٹے کی قرعہ اندازی میں حصہ لیا ہے اور آج یہاں حج کی سعادت کیلئے جن افراد کے نام قرعہ اندازی میں نکلے وہ اپنی دعاؤں میں پاکستان کی سلامتی،امن وامان،ایم کیوایم کی جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔انہوں نے قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے افراد کے ناموں کا بھی اعلان کیا اورانہیں اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے حق پرست ارکان پارلیمان کے حج کوٹے میں اضافہ کی کوشش کررہی ہے اس سلسلے میں متعلقہ حکام سے بات چیت بھی کی جارہی ہے۔

## ایم کیوایم کے تحت سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اوریکم اکتوبر کراچی کے شہداء کی 20ویں برسی کراچی سمیت سندھ بھر میں منائی گئی۔مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر 1988ء اورسانحہ یکم اکتوبر 1988ء کراچی کے شہداء کی 20ویں برسی کراچی اورحیدرآباد سمیت سندھ بھر میں انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس سلسلے میں مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم ہال عزیزآباد میں ہوا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف،ڈاکٹر نصرت،شکیل عمر کے علاوہ ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان،علاقائی سیکٹرو یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی اورسانحہ 30 ستمبر 1988ء حیدرآباد اورسانحہ یکم اکتوبر کراچی کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہداء مغفرت اورانکے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اسی طرح حیدرآباد اوراندرون سندھ میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر میں بھی برسی کے اجتماعات منعقد کیے گئے جن میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## الطاف حسین نے عیدالفطر کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی

لندن۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالفطر کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی۔عیدالفطر کی نماز کے بعد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور کارکنان سے عید ملی اورانہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے پاکستان کی ترقی وخوشحالی،عوام کی فلاح وبہبود،ملک سے مذہبی انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے خاتمے،ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ اورحق پرستی کی تحریک کی کامیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اوریکم کراچی سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے کی سازش تھی،الطاف حسین

## حق پرست شہداء کا مقدس لہوکورائیگاں نہیں جائے گا،شہداء کی 20ویں برسی پر بیان

لندن۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر 1988ء اورسانحہ یکم اکتوبر 1988ء کراچی سندھ

کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے اوران کے درمیان نفرتوں کی دیوارکھڑی کرنے کی گھناؤنی سازش تھی اورانشاءاللہ آئندہ بھی سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے کی سازشیں ماضی کی طرح ناکام ثابت ہونگی۔سانحہ 30 ستمبر 1988 حیدرآباداورسانحہ یکم اکتوبرکراچی کے شہداءکی 20 ویں برسی کے موقع پراپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے تمام شہداءکوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سازشی عناصر نے سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں دست وگریباں کرنے کیلئے منظم منصوبہ بندی کے تحت 30 ستمبر کوحیدرآباد میں اوریکم اکتوبرکوکراچی میں بے گناہ لوگوں کا خون بہایا اور سندھی اور اردو بولنے والی آبادیوں میں نفرتیں پیدا کرنے کی کوشش کی جسے سندھ کے مستقل باشندوں نے اپنے اتحاد سے ناکام بنادیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ کی دھرتی پیار،امن اورمحبت کی دھرتی ہے شاہ لطیفؒ کے پیروکاروں نے سندھ میں نفرتیں پھیلانے والوں کی ہمیشہ حوصلہ شکنی ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے باشعورعوام جان چکے ہیں کہ صوبہ سندھ میں نفرتیں پھیلانے والےعناصرکون ہیں اوران کے کیا مقاصد ہیں اورانشاءاللہ آئندہ بھی سندھ کے مستقل باشندوں کوآپس میں لڑانے کی سازشیں ناکام ثابت ہونگی۔جناب الطاف حسین سانحہ 30 ستمبر 1988ءحیدرآباداورسانحہ یکم اکتوبرکراچی کے شہداءکو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے مقدس لہو کے صدقے حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پرضرور پہنچے گی۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پرایم کیوایم نارتھ ناظم آبادسیکٹر کے کارکنان جنید عقیل اورانوارعلی کوغیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرایم کیوایم نارتھ ناظم آبادسیکٹر یونٹ 134/A کے کارکن جنید عقیل ولد عقیل الرحمٰن اور یونٹ B-143 کے کارکن انوارعلی خان ولدحمایت علی خان کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی ہے کہ وہ مذکور بالاافراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## خاتون پاکستان کالج اوررعنالیاقت علی خان ہوم اکنامکس کالج کی نجکاری کےخلاف آوازبلندکرنے پر اساتذہ اورطلبہ وطالبات کاالطاف حسین سے اظہارتشکر

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔کراچی کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام،طلباوطالبات،طلباء کے والدین نے خاتون پاکستان کالج اوررعنالیاقت علی خان ہوم اکنامکس کالج کی نجکاری کےخلاف حق پرستانہ مؤقف اختیارکرنے اورکالجوں کی نجکاری کےخلاف آوازاحتجاج بلندکرنے پرایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین سے دلی تشکرکااظہارکیا ہے۔خاتون پاکستان کالج اوررعنالیاقت علی خان ہوم اکنامکس کالج کونجی تحویل میں دینے کی منسوخی کانوٹیفیکیشن جاری ہونے کے بعدایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآبادمیں طلبہ وطالبات،ان کے والدین اوراساتذہ کرام کی بڑی تعدادمیں ٹیلی فون کرکے مبارکباداورشکریہ کے پیغامات درج کرائے۔پیغامات ریکارڈکرانے والوں میں رعنالیاقت علی خان ہوم اکنامکس کالج کی پرنسپل ڈاکٹرروبینہ سمیت مختلف تعلیمی اداروں کے پروفیسرزاورلیکچرارزبھی شامل ہیں جنھوں نے کراچی کے تعلیمی اداروں کی نجکاری کےخلاف حق پرستانہ مؤقف اختیارکرنے پرجناب الطاف حسین سے دلی تشکرکااظہارکیا۔اپنے پیغامات میں طلبہ وطالبات،ان کے والدین اوراساتذہ کرام نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین حق اورصداقت کے علمبردارہیں اورانہوں نے ہمیشہ صدائے حق بلندکی ہے۔انہوں نے کہا کہ مذکورہ کالجوں کی نجکاری سے نہ صرف طلبہ وطالبات بلکہ اساتذہ کرام میں بھی گہری تشویش پائی جارہی تھی اوراس موقع پر قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ان کے دلوں کی ترجمانی کرکے ایک مرتبہ پھر ثابت کردیا ہے کہ وہ مظلوموں کے ترجمان ہیں ۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین اوراےپی ایم ایس او نے اس مشکل گھڑی میں طلبہ وطالبات اوراساتذہ کا بھرپورساتھ دیااوران آوازکوایوان بالاتک مؤثراندازمیں پہنچایا جس کے باعث ان تعلیمی اداروں کی نجکاری کامعاملہ خوش اسلوبی سےحل ہوگیا ہےجس پرجناب الطاف حسین زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## حق پرست عوام،شیخ لیاقت حسین کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعاکریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہارکیا ہےاورانکی صحت یابی کیلئے دعا کی۔جناب الطاف حسین نےحق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ شیخ لیاقت حسین کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعاکریں۔

## الطاف حسین نے ٹیلی فون کر کے شیخ لیاقت حسین کی خیریت دریافت کی
## خوش الحانی سے قرآنی آیات کی تلاوت کی اور دعا کی

لندن۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون کر کے شیخ لیاقت حسین کی خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر دارالشفاء اسپتال کی انتظامیہ نے انہیں بتایا کہ شیخ لیاقت حسین کی حالت تشویشناک ہے اورانہیں ملٹی پل برین ہیمرج ہے جس کے باعث ان پر بے ہوشی طاری ہے۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون شیخ لیاقت حسین کے کان کےقریب لے جانے کی درخواست کی اورخوش الحانی سے قرآنی آیات کی تلاوت کی اوردعا کی ۔

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین علالت کے باعث دوبارہ اسپتال میں داخل کردیئے گئے
## شیخ لیاقت حسین کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہےاوران پر مسلسل بے ہوشی طاری ہے
## ڈاکٹر فاروق ستار،حیدرعباس رضوی،رؤف صدیقی،فیصل سبزواری اورعبدالحسیب نے اسپتال جا کرعیادت کی

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین کوعلالت کے باعث دوبارہ دارالشفاء اسپتال میں داخل کردیا گیا جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔تفصیلات کے مطابق شیخ لیاقت حسین گزشتہ کئی ماہ سے شدید علیل ہیں اورشدید علالت کے باعث اسپتال میں زیرعلاج بھی رہ چکے ہیں تاہم طبیعت سنبھلنے کے باعث انہیں اسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا تھا۔پیر کی شب شیخ لیاقت حسین کی طبیعت اچانک بگڑ گئی تھی جس کے باعث انہیں دوبارہ مقامی اسپتال میں داخل کردیا گیا ہے جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہےاوران پر مسلسل بے ہوشی طاری ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار،حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی،صوبائی وزراء رؤف صدیقی،فیصل سبزواری اورعبدالحسیب نے اسپتال جا کرشیخ لیاقت حسین کی عیادت کی۔حق پرست نمائندوں نے ڈاکٹروں سے شیخ لیاقت حسین کی طبیعت کے حوالے معلومات کیں اوران کی صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆